## پاکستان سمیت دنیا بھر کے مسلمانوں کو الطاف حسین کی جانب سے عیدالاضحیٰ کی دلی مبارکباد

## سنت ابراہیمیؑ مسلم امہ کو اللہ تعالیٰ کی رضا اور خوشنودی کے حصول کیلئے بڑی سے بڑی چیز قربان کرنے کا درس دیتی ہے

## اللہ تعالیٰ کی رضا اور خوشنودی اسی میں ہے کہ ضرورتمندوں اور دکھی انسانوں کی مدد کی جائے اور محروم انسانوں کے اجتماعی مفادات کیلئے اپنے ذاتی مفادات اور انا کی قربانی دی جائے

## عوام عیدالاضحیٰ کی خوشیوں میں غرباء، مساکین، بیواؤں، یتیموں، مستحق افراد اور سیلاب زدگان کو یاد رکھیں اور ان کی ہرممکن مدد کریں

لندن۔۔۔16، نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پاکستان سمیت دنیا بھر کے تمام مسلمانوں کو عیدالاضحیٰ کی دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ عیدالاضحیٰ کے موقع پر اپنے پیغام میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ سنت ابراہیمیؑ مسلم امہ کو اللہ تعالیٰ کی رضا اور خوشنودی کے حصول کیلئے بڑی سے بڑی چیز قربان کرنے کا درس دیتی ہے اور اللہ تعالیٰ کی رضا اور خوشنودی اسی میں ہے کہ اسکے بندوں کی خدمت کی جائے، ضرورتمندوں اور دکھی انسانوں کی مدد کی جائے اور محروم انسانوں کے اجتماعی مفادات کیلئے اپنے ذاتی مفادات اور انا کی قربانی دی جائے۔ جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم کے تمام کارکنوں، ماؤں، بہنوں، بزرگوں، بچوں، اور صوبہ سندھ، صوبہ پنجاب، صوبہ خیبر پختونخواہ، صوبہ بلوچستان، گلگت بلتستان، شمالی علاقہ جات، فاٹا اور آزاد کشمیر کے تمام عوام کو عیدالاضحیٰ کی دلی مبارکباد پیش کی اور عوام سے کہا کہ وہ عیدالاضحیٰ کی خوشیوں میں غرباء، مساکین، بیواؤں، یتیموں، مستحق افراد اور سیلاب زدگان کو یاد رکھیں اور ان کی ہرممکن مدد کریں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ عیدالاضحیٰ کو دنیا بھر کے مسلمانوں کیلئے مبارک ثابت ہو، دنیا بھر سے دہشت گردی کا خاتمہ ہو اور پوری دنیا میں امن واستحکام قائم ہو۔

## پاکستان سمیت دنیا بھر میں مقیم ایم کیو ایم کے ذمہ داروں اور کارکنوں کو الطاف حسین کی جانب سے عیدالاضحیٰ کی دلی مبارکباد

## عیدالاضحیٰ کے موقع پر شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق ہمارے درمیان موجود نہیں، اللہ تعالیٰ حق پرست شہداء کو اعلیٰ مقام عطا فرمائے

## ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد پر برطانیہ سمیت یورپی اور خلیجی ممالک میں عیدالاضحیٰ منائے جانے کے موقع پر رابطہ کمیٹی کے اراکین سے گفتگو

لندن۔۔۔16، نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پاکستان سمیت دنیا بھر میں مقیم ایم کیو ایم کے ذمہ داروں اور کارکنوں کو عیدالاضحیٰ کی دلی مبارکباد پیش کی ہے اور کہا ہے کہ سنت ابراہیمیؑ اللہ تعالیٰ کی راہ میں قیمتی سے قیمتی چیز قربان کرنے کا درس دیتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کے دن ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد پر رابطہ کمیٹی کے اراکین سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ برطانیہ سمیت یورپی ممالک اور خلیجی ممالک میں آج عیدالاضحیٰ منائی جارہی ہے جبکہ پاکستان میں بدھ کو عیدالاضحیٰ منائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ عیدالاضحیٰ کے موقع پر ایم کیو ایم کے کنوینز اور شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق ہمارے درمیان موجود نہیں ہیں مگر ان کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائے۔ انہوں نے شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کی مغفرت کیلئے دعا کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ شہید انقلاب کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ انہوں نے حق پرست شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا اور کہا کہ شہداء کی لازوال قربانیوں کے صدقے حق پرستی کی تحریک ایک دن ضرور کامیابی سے ہمکنار ہوگی اور ملک بھر میں غریب ومتوسط طبقے کی حکمرانی کا سورج طلوع ہوگا۔ انہوں نے ایم کیو ایم کے تمام کارکنوں اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضاکاروں کو سختی سے تاکید کرتے ہوئے کہا کہ وہ کام ایمانداری، جانفشانی اور خلوص نیت سے کریں۔ جناب الطاف حسین نے ایک مرتبہ پھر ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی، حق پرست ارکان پارلیمنٹرین، پاکستان سمیت دنیا بھر میں مقیم ایم کیو ایم کے تمام شعبہ جات، ونگز، سیکٹرز، یونٹس، زون کے کارکنان اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضاکاروں کو عیدالاضحیٰ کی دلی مبارکباد پیش کی۔ اس موقع پر ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین نے جناب الطاف حسین کو اپنی اور ایم کیو ایم کے تمام شعبہ جات اور ونگز، سیکٹر، یونٹس اور زون کی جانب سے عیدالاضحیٰ کی دلی مبارکباد بھی دی۔

## قائدتحریک الطاف حسین نے عیدالاضحیٰ کی نمازلندن کی مقامی مسجد میں ادا کی

لندن۔۔۔16،نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے عیدالاضحیٰ کی نمازلندن کی مقامی مسجد میں ادا کی اور ملک کی سلامتی،ترقی وخوشحالی اور ملک کے پریشان حال خصوصاً سیلاب سے متاثرہ عوام کی مشکلات کے خاتمہ کیلئے دعائیں کیں۔نمازعید کے بعدوہ نمازیوں میں گھل مل گئے اورانہوں نے کارکنوں اور دیگر نمازیوں سے عیدملی اورانہیں عید کی مبارکباد پیش کی ۔نمازیوں نے بھی جناب الطاف حسین کوعید کی مبارکباد پیش کی ۔ بعدازاں ایم کیوایم کے کارکنوں اوررابطہ کمیٹی کے ارکان نے انٹرنیشنل سیکریٹریٹ میں جناب الطاف حسین کوعیدالاضحیٰ کی مبارکباد پیش کی ۔ جناب الطاف حسین نے بھی اراکین رابطہ کمیٹی،انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے ارکان اور کارکنوں اوران کے تمام اہل خانہ کوبھی عید کی مبارکباد پیش کی اوران کیلئے دعائیں کیں۔

## عیدالاضحیٰ سے قبل بجلی کے نرخ میں 2فیصد اضافہ غریب عوام کے گلے پرچھری پھیرنے کے مترادف ہے،رابطہ کمیٹی
## غریب عوام کومہنگائی کے بوجھ تلے دبانے کی روش ختم کی جائے اوربجلی نرخ میں اضافہ فی الفوروا پس لیا جائے

کراچی۔۔۔16،نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے وفاقی حکومت کی جانب سے عیدالاضحیٰ سے قبل بجلی کے نرخ میں 2فیصد اضافے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اوراس اضافے کوغریب عوام کے گلے پرچھری پھیرنے کے مترادف قرار دیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ حکومت کی جانب سے غیر منطقی اورغریب عوم دشمن اقدامات کے باعث ملک بھر کے عوام کوسفید پوشی کا بھرم رکھنا مشکل ہوگیا ہے،بنیادی ضرورت کی اشیاءعوام کی پہنچ سے دورہو چکی ہیں اورصورتحال یہ ہوگئی ہے کہ غریب عوام کے گھرمیں ایک وقت کا چولہا جلتا ہے جبکہ دووقت فاقوں میں گزارے جارہے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ وفاقی حکومت نے اصلاحی جنرل سیلز ٹیکس اورفیلڈ سرچارج کی تلوار پہلے ہی عوام کی گردنوں پرمسلط کررکھی ہے اور اب عیدالاضحیٰ کے موقع پربجلی کے نرخ میں 2فیصد اضافہ کرنا نہ صرف عیدالاضحیٰ کی خوشیوں کو ماند کرنے کے مترادف ہے بلکہ غریب عوام پرکھلاظلم ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے صدرمملکت آصف علی زرداری اوروزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ بجلی کے نرخ میں 2فیصد اضافے کا فیصلہ فی الفوروا پس لیا جائے، غریب عوام دشمن پالیسیوں کاتسلسل بند کیا جائے ،غریب عوام کومہنگائی کے بوجھ تلے دبانے کی روش ختم کرکے انہیں ریلیف کی فی الفورفراہمی کیلئے دیگرزرائع اوروسائل استعمال کئے جائیں۔

## عوام عیدالاضحیٰ کے موقع پرقربانی کے جانوروں کی کھالیں خدمت خلق فاؤنڈیشن کودیں۔رابطہ کمیٹی کی اپیل

کراچی۔۔16 نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ عیدالاضحیٰ کے موقع پرقربانی کے جانوروں کی کھالیں ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کودیں۔ اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی کہا کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن واحدفلاحی ادارہ ہے جوگزشتہ 32برسوں سے غریب ومستحق افراد کی بلاامتیاز رنگ ونسل وزبان ومذہب خدمت کررہا ہے،آزادکشمیراورخیبرپختونخواہ میں آنے والا قیامت خیز زلزلہ ہو،تھراوربلوچستان میں قحط ہو یا ملک میں آنے والا حالیہ سیلاب،خدمت خلق فاؤنڈیشن نے قدرتی آفات وحادثات اورسانحات کے موقع پرمتاثرین کی بھرپورخدمت کی ہے۔انہوں نے کہا کہ کراچی سے فلاحی خدمت کا سفرشروع کرنے والی خدمت خلق فاؤنڈیشن آج کراچی کے علاوہ ملک کے کئی شہروں میں ایمبولینس سروس کا آغازکرچکی ہے جبکہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کے کئی اسپتال اورمیڈیکل سینٹرعوام کی خدمت میں دن رات مصروف ہیں۔انہوں نے کہا کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کی پشت پرکوئی جاگیردار،وڈیرہ یاسرمایہ دارنہیں بلکہ اس کی تمام ترفلاحی سرگرمیاں عوام کے عطیات کی بدولت ہی ممکن ہوپارہی ہیں لہٰذاعوام سے اپیل ہے کہ وہ عیدالاضحیٰ کے موقع پرقربانی کے جانوروں کی کھالیں خدمت خلق فاؤنڈیشن کودیں تاکہ وہ غریبوں، ناداروں،یتیموں، بیواؤں،مساکین اورحالیہ سیلاب سے متاثرہ افراد کی مزیدخدمت کرسکے۔رابطہ کمیٹی نے عوام سے یہ بھی اپیل کی کہ وہ قربانی کی کھالیں دیتے وقت رضا کاروں سے رسیدضرورحاصل کریں۔

## رابطہ کمیٹی کا کے کے ایف کے مرکزی کیمپ کا دورہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن (کے کے ایف) کے تحت چرم قربانی کی کھالوں کے حصول کے سلسلے میں ایک مرکزی کیمپ قائم کر دیا گیا ہے۔ متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز انیس احمد قائم خانی، خدمت خلق فاؤنڈیشن کے چیف ٹرسٹی اور رکن رابطہ کمیٹی مصطفیٰ کمال اور رکن رابطہ کمیٹی واسع جلیل نے منگل کی شام نذیر حسین میڈیکل یونیورسٹی واقع فیڈرل بی ایریا کے طارق گراؤنڈ میں قائم کردہ مرکزی کیمپ آفس کا دورہ کیا اور انتظامات کا حتمی جائزہ لیا۔ کے کے ایف کے ذمہ داران نے ارکان رابطہ کمیٹی کو بتایا کہ قربانی کی کھالوں کے حصول کیلئے بڑے پیمانے پر تمام تر انتظامات مکمل کر لئے گئے ہیں اس سلسلے میں یہاں مصروف عمل ایم کیوایم کے سینکڑوں ذمہ داران، کارکنان اور کے کے ایف کے رضا کاران کیلئے عیدالاضحیٰ کے تینوں دنوں کے دوران طعام کیلئے عارضی کچن، پینے کا پانی، کولڈ ڈرنگ، چائے اور دیگر مشروبات، ٹنوں کے حساب سے نمک اور چونے، سینکڑوں کی تعداد میں ٹرک اور ٹرالر، عارضی ٹوائلٹ کے انتظامات مکمل ہیں جبکہ مچھروں اور دیگر حشرات کے انسداد کیلئے اسپرے بھی کرالیا گیا ہے۔ میڈیا کی سہولت کیلئے باقاعدہ پریس روم کا بھی قیام عمل میں لایا گیا ہے جس میں میڈیا کو ان کی تمام پیشہ وارانہ سہولیات دستیاب ہونگی جبکہ مرکزی کیمپ کے تمام تر انتظامات ایم کیوایم کے مختلف شعبہ جات کے کارکنان اور کے کے ایف کے رضا کاران انجام دیں گے۔

## عوام وکارکنان، محترمہ نذیر بیگم کی جلد صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعائیں کریں، الطاف حسین کی اپیل

لندن۔۔۔16، نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کے کارکن غلام نبی کی والدہ محترمہ نذیر بیگم کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور ان کی جلد صحتیابی کیلئے دعا کی ہے۔ جناب الطاف حسین نے ماؤں، بہنوں بزرگوں، نوجوانوں اور کارکنان سے اپیل کی کہ وہ محترمہ نذیر بیگم کی جلد صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعائیں کریں۔

☆☆☆☆☆